3

# پانی رے پانی


## پانی

منھ دھوؤں گا پانی سے،
منّا بولا نانی سے
پیاسے پانی پیتے ہیں،
پانی سے سب جیتے ہیں
جانے کب سے پانی ہے،
کتنی بڑی کہانی ہے
کہیں اوس ہے، برف کہیں،
پانی ہی کیا بھاپ نہیں؟
سب روپوں میں پانی ہے،
کہتی ایسا نانی ہے،
ندیاں بہتی کل کل کل،
جھرنے گاتے چھل چھل چھل
تالوں میں لہراتا جل
کنوؤں میں آتا نرمل
دھرتی پر جیون لایا،
کھیت سینچ کر لہرایا
پر جب سیلاب لاتا ہے
بھاری آفت ڈھاتا ہے


شری پرساد
ہندی سے ترجمہ

© NCERT not to be republished

اپنے علاقے میں پانی سے متعلق گائی یا سنائی جانے والی نظمیں اور گیت بچے درجے میں سنائیں یا گائیں۔ اس سے اپنے کمیونٹی کے علم اور فن کے ساتھ اُنسیت پیدا ہوگی۔



* کیا تم پانی کی کوئی نظم یا گانا جانتے ہو؟ کلاس میں سناؤ۔
* نظم میں پانی سے متعلق کون سی آوازوں کی بات کی گئی ہے؟ کچھ آوازیں تم بھی بتاؤ۔
* شاعر نے کیا کہا ہے۔ پانی کہاں کہاں ہے؟



* نیچے دیئے گئے جن کاموں میں پانی کی ضرورت ہے۔ ان پر '✓' کا نشان لگاؤ۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کھیلنے میں | ☐ | گانا گانے میں | ☐ | چائے بنانے میں | ☐ |
| آٹا گوندھنے میں | ☐ | لکھنے میں | ☐ | ناؤ چلانے میں | ☐ |
| تصویر بنانے میں | ☐ | پودوں کو اُگانے میں | ☐ | پنکھا چلانے میں | ☐ |

* ایسے چار کام لکھو جو

◆ تم پانی کے بغیر کر سکتے ہو۔

________ ________ ________ ________

◆ تم پانی کے بغیر نہیں کر سکتے؟

________ ________ ________ ________

## * کس کے لئے کتنا پانی؟

جن کاموں میں سب سے زیادہ پانی کی ضرورت ہوتی ہے، اسے پہلے لکھو۔ باقی کو زیادہ سے کم کی ترتیب میں لکھو۔

کام: نہانے میں، پینے میں، گھر دھونے میں، کھیت میں پانی دینے میں، آٹا گوندھنے میں۔

ترتیب: 1۔ ________ 2۔ ________ 3۔ ________

4۔ ________ 5۔ ________


© NCERT not to be republished

## * کہاں سے ملتا ہے پانی ؟

تم نے نظم میں ندیوں، جھرنوں، تالابوں اور کنوؤں کے بارے میں پڑھا۔ان سے ہمیں پانی ملتا ہے۔تم پانی کہاں کہاں سے لاتے ہو؟ تمہارے گھر میں یا گھر کے پاس ان میں سے جو جو ہیں ان پر ◯ لگاؤ۔

جھیل، کنواں، تالاب، جھرنا، سمندر، ندی،

نہر، ٹیوب ویل، نل، نل کوپ، ٹینک، گرم سوتا



* کیا تم نے زمین میں سے گرم پانی نکلتے دیکھا ہے؟ کہاں؟




* تمہارے گاؤں یا شہر میں کیا کوئی ندی بہتی ہے؟ اگر ہے تو اس کا نام کیا ہے؟

___________________________________

* کیا تم کچھ ندیوں کے نام جانتے ہو؟ ان کے نام لکھو۔

___________________________________

___________________________________




* تمہارے گھر میں پینے کا پانی کہاں سے آتا ہے؟
* کیا پانی لانے گھر سے دور جانا پڑتا ہے؟ پانی لانے میں کتنا وقت لگتا ہے؟
* کیا آس پاس کے سبھی لوگ وہیں سے پانی لیتے ہیں؟
* کیا ایسے بھی کچھ لوگ ہیں جن کو وہاں سے پانی بھرنے نہیں دیا جاتا؟
* پانی کو بھر کر رکھنے کی ضرورت کیوں پڑتی ہے؟
* تمہارے گھر کے لئے پانی بھرنے کا کام کون کرتا ہے؟


بہت سی جگہوں پر کچھ مخصوص لوگوں کو مشترکہ ذرائع سے پانی لینے کی اجازت نہیں ہے۔اس پر تبادلۂ خیال کرنا اہم ہے کیوں کہ تعصب جیسے مُدعّوں کے بارے میں بچّے حسّاس ہوتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

* نیچے دی ہوئی تصویروں میں سے اُن تصویروں میں رنگ بھرو جن میں تم پانی بھر کر رکھتے ہو۔



* اگر تمہارے گھر میں کسی اور چیز میں پانی بھر کر رکھا جاتا ہے تو کاپی میں اس کی تصویر بناؤ اور نام بھی لکھو۔



تصویر میں دیئے گئے سبھی برتنوں میں اگر اوپر تک پانی بھرا ہو تو

1۔ کس برتن میں سب سے کم پانی ہوگا؟


2۔ کس برتن میں سب سے زیادہ پانی ہوگا؟

یہ تم کیسے کہہ سکتے ہو؟

© NCERT not to be republished



# چھٹکی چکرائی



ہیرین اور چھٹکی کو بہت گرمی لگ رہی تھی۔ چچا نے کہا، رکو میں تمھیں آم کا پنّا دیتا ہوں۔ اُنہوں نے دو اسٹیل کے گلاس بھر کر بچوں کو پکڑا دیے۔ لیکن چھٹکی نے ضد کی کہ مجھے تو کانچ کے گلاس میں پینے میں مزہ آتا ہے۔ چچا نے پنّا ایک کانچ کے گلاس میں منتقل کر دیا۔ لیکن چھٹکی پھر بھی نہیں مانی۔ بولی، چچا! آپ نے تو مجھے کم دیا ہے۔

تمھیں کیا لگتا ہے؟ کیا چھٹکی کے گلاس میں کم پنّا تھا؟



پانی کہاں کہاں سے ملتا ہے؟ پہیلی میں تلاش کرو اور ◯ لگاؤ۔ کیا تم اور دس تلاش کر پائے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ن | جھی | لی | وَ | با |
| ل | آں | کو | سا | رِ |
| تا | جھ | گ | سو | ش |
| لا | ر | ہا | نا | چ |
| ب | نا | ٹاں | دی | شمہ |

’چھٹکی چکرائی‘ والے پروگرام کو کر کے دکھائیں۔ بچوں کو اس پر عمل کرتے دیکھنے اور سوال پوچھنے کا موقع دیں۔

© NCERT not to be republished

ان میں سے جو الگ لگتا ہے اس پر ○ لگاؤ اور بتاؤ کیوں؟

- ندی، پہاڑ، تالاب، نل، سوتا
- نہانا، کپڑے دھونا، تیرنا، کنگھی کرنا، آٹا گوندھنا
- مچھلی، بطخ، بندر، مگر مچھ، کچھوا
- کار، ناؤ، بس، ریل گاڑی، سائیکل

## رنگوں سے کھیل

ایک کاغذ کو بیچ سے موڑو۔ اب کھول کر رنگ کی کچھ بوندیں ڈالو۔ کاغذ کو پھر سے موڑ کر دبا دو۔ کھول کر دیکھو کیا بنا؟



not to be republished © NCERT